# 29-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملیریا اور کینسر کے خلاف لڑائی میں ہندوستان کی کامیابیاں پوری دنیا کی توجہ حاصل کررہی ہیں۔

۲۔ کابینہ کی ذیلی کمیٹی نے رعیّتو بھروسہ اسکیم کے طریقہ کار پر غور کیا۔

۳۔آنجہانی وزیراعظم منموہن سنگھ کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لئے کل تلنگانہ قانون ساز اسمبلی کا ایک خصوصی سیشن ہوگا۔

اور

۴۔تلنگانہ کے ڈی جی پی جتندر نے کہا ہے کہ محکمہ پولیس ڈرگس سے پاک تلنگانہ کا مقصد حاصل کرنے کے لئے کام کررہا ہے۔

○○

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملیریا اور کینسر کے خلاف لڑائی میں ہندوستان کی کامیابیاں پوری دنیا کی توجہ حاصل کررہی ہیں۔آکاش وانی کے من کی بات پروگرام میں آج بولتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ سال 2015ء اور 2023ء کے درمیان ملیریا کے کیسوں اور موتوں میں 80 فیصد کی کمی کوئی چھوٹی بات نہیں ہے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ اب ہندوستان میں کینسر کا علاج وقت پر شروع کرنے کے امکان میں قابل لحاظ اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ آیوشمان بھارت اسکیم کینسر کے علاج میں زبردست تعاون دے رہی ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ اگلے سال ہمارے ملک میں ہونے والا ویوز سمٹ دنیا کو ہندوستان کی تخلیقی صلاحتیں دکھانے کا ایک بہترین موقع ہے۔ یہ پہلا ورلڈ آڈیو ویژول انٹرٹمنٹ سمٹ ہے۔انہوں نے ملک میں تفریحی اور تخلیقی صنعتوں سے جڑے ہوئے لوگوں سے کہا کہ وہ اس سمٹ میں حصہ لیں جس کا مقصد مواد کی تیاری کے لئے عالمی مرکز کی حیثیت سے ہندوستان کو ابھارنا ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ 13 جنوری سے پریاگ راج میں شروع ہونے والا مہا کمبھ میلا ڈیجیٹل تبدیلی کو اپنا رہا ہے۔ڈیجیٹل نیوی گیشن کی وجہ سے مختلف گھاٹوں، مندروں، سادھوسنتوں کے نواسوں اور پارکنگ کی جگہوں تک پہنچنا آسان ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پہلی مرتبہ کمبھ میلہ کے دوران 11 ہندوستانی زبانوں میں اے آئی کی مدد سے چاٹ باٹ تمام معلومات فراہم کرے گا۔ کمبھ میلہ میں آنے والے لوگ ہیش ٹیک ایکتا کا مہا کمبھ استعمال کرتے ہوئے اپنی سلفیاں اَپ لوڈ کرسکتے ہیں۔

وزیراعظم نے کرش اور بالٹی بائی کے دوسرے سیزن کی آمد کا اعلان کیا جو کے ٹی بی بھارت ہیں ہم کے نام سے جانا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ تین انیمیٹیٹ کیرکٹرس ہندوستان کی آزادی کی لڑائی کے گمنام ہیروس اور ہیروئنس کے بارے میں کہانیاں سنائیں گے۔

وزیراعظم مودی نے کہا کہ ہندوستانی تہذیب کے رنگ آج دنیا کے ہر کونے میں پھیل رہے ہیں۔انہوں نے مصر سے تعلق رکھنے والے طالب علموں کا ذکر کیا جو ہندوستان کے دیوی دیوتاؤں، ناچ اور بڑی شخصیتوں کی پینٹنگس بنا رہے ہیں۔ وزیراعظم نے پیرا گوائے میں ہندوستانی سفارت خانہ میں ایریکا ہیوبر کی طرف سے آیوروید کنسلٹیشن دئے جانے کا بھی ذکر کیا۔

وزیراعظم نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ لوگ فٹنس کو اپنی روزمرہ کی سرگرمیوں کا حصہ بنا رہے ہیں۔مودی نے بتایا کہ ماؤنوازوں کے

تشدد سے متاثرہ علاقے بستر میں انوکھے اولمپکس شروع ہوئے ہیں۔

وزیراعظم مودی نے کہا کہ 2025ء دستک دے رہا ہے۔انہوں نے سب سے نیک خواہشوں کا اظہار کیا۔

○○

عوام کے بڑے طبقہ نے وزیراعظم کے من کی بات پروگرام کا خیر مقدم کیا۔آکاش وانی سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ

○○

آکاش وانی حیدرآباد آج رات آٹھ بجے وزیراعظم کی من کی بات پروگرام کا تلگو ترجمہ پیش کرے گا۔

○○

تلنگانہ قانون ساز اسمبلی کا ایک خصوصی سیشن کل ہوگا جس میں آنجہانی وزیراعظم منموہن سنگھ کو خراجِ عقیدت پیش کیا جائے گا۔ یہ خصوصی سیشن اسمبلی کی چوتھی میعاد کے دوسرے اجلاس کے طور پر ہورہا ہے۔اسمبلی سکریٹری نے تمام ارکانِ اسمبلی سے درخواست کی ہے کہ وہ اس سیشن میں شرکت کریں۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اس سیشن کے دوران منموہن سنگھ کے انتقال پر تعزیتی قرارداد پیش کریں گے۔خصوصی سیشن کے مدنظر کل ہونے والے کابینہ کے اجلاس کو ملتوی کردیا گیا ہے۔

○○

انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن اسرو کل اسپیس ڈاکنگ اکسپریمنٹ spadex شروع کرے گا۔خلا سے متعلق مملکتی وزیر جتندر سنگھ نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ اسرو کا ایک سال کا مشن تاریخی ہوگا جو دو سٹلائٹ کو خلا میں ضم کرنے یا ڈاکنگ کی انوکھی کوشش کرے گا۔ڈاکٹر سنگھ نے بتایا کہ یہ مشن ہندوستان کو خلائی ڈاکنگ میں مہارت حاصل کرنے والے ملکوں کی صف میں شامل کرے گا۔انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل وی راکٹ ایک انوکھے قدم میں دو سٹلائٹس کو بھیجے گا جو دیسی تکنالوجی بھارتیہ ڈاکنگ سسٹم سے لیس ہوگا اور یہ پیچیدہ کارنامہ انجام دے گا۔

○○

کابینہ کی ذیلی کمیٹی نے آج رعیتو بھروسہ اسکیم کے بارے میں طریقہ کار کا جائزہ لیا۔کمیٹی کے صدرنشین بھٹی وکرامارکا نے دوسرے وزیروں اور کمیٹی کے ارکان تملا ناگیشور راؤ، سریدھر بابو، پنگولیٹی سرینواس ریڈی کے ساتھ اِس اجلاس میں حصہ لیا۔ان وزیروں نے شروعات کے بعد سے اب تک رعیتو بھروسہ پر عمل آوری کا جائزہ لیا اور کمیٹی کے ریاست گیر دورہ کے دوران کسانوں سے حاصل رائے اور دوسرے عہدیداروں کی طرف سے جمع معلومات کا بھی جائزہ لیا۔بھٹی وکرامارکا نے یہ بات صاف کی کہ چناؤ سے پہلے کئے گئے وعدے کے مطابق کسانوں کو رعیتو بھروسہ دیا جائے گا۔حکومت نے پہلے ہی اعلان کیا ہے کہ سنکرانتی کے بعد رعیتو بھروسہ اسکیم پر عمل کیا جائے گا۔

○○

تلنگانہ کے ڈی جی پی جتندر نے کہا ہے کہ محکمہ پولیس ڈرگس سے پاک تلنگانہ کا مقصد حاصل کرنے کے لئے کام کررہا ہے۔ ریاست میں اس سال جرائم کی شرح کے بارے میں سالانہ رپورٹ جاری کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ رجسٹرڈ کیسوں میں اضافہ کے باوجود امن وامان کی صورتحال اچھی رہی۔ انہوں نے کہا کہ 1800 جعل ساز ویب سائٹس کے یو آر ایل کو بلاک کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ نئے فوجداری قانون پرعمل کے لئے پولیس کو تربیت دی گئی ہے اور تلنگانہ ڈیجیٹل ایف آئی آر درج کرنے والی پہلی ریاست بنی ہے۔ ڈی جی پی نے یہ بھی کہا کہ سائبر کرائم کے کیسوں میں متاثرین کو 180 کروڑ روپے لوٹائے گئے۔ 142.95 کروڑ کے ڈرگس ضبط کئے گئے اور ڈرگس کے کیسوں میں 4,682 ملزمین کو گرفتار کیا گیا۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج رنگاریڈی ضلع کے نندی گرام میں کنہا شانتی ونم کا دورہ کیا۔ انہوں نے شانتی ونم میں بچوں اور طالب علموں کو سافٹ اسکل پروگراموں کی فراہمی کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے سرکاری اسکولوں اور رہائشی اسکولوں میں بھی ایسی صلاحیتیں پیدا کرنے کے لئے بھی قدم اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعلیٰ نے شانتی ونم کے احاطہ میں Tree Conservation سنٹر کا دورہ کیا اور میڈیٹیشن سنٹر میں پودا لگایا۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریجنل رنگ روڈ پراجکٹ کے شمالی سیکشن کے لئے مرکزی حکومت کی طرف سے ٹنڈرس طلب کرنے پر خوشی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سڑکوں اور عمارتوں کے وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی کو فون پر مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ نے یہ بات مانی کہ آرآرآر پراجکٹ ریاستی وزیر کومٹی ریڈی کی رہنمائی، کوششوں اور تعاون کی وجہ سے ایک حقیقت بنا ہے۔ انہوں نے آرآرآر پراجکٹ کی منظوری کے لئے مرکزی وزیر نتن گڈکری کا شکریہ ادا کیا۔ مرکزی حکومت 5,555 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے ریجنل رنگ روڈ کی تعمیر کررہی ہے۔